# نومبر 1

’’ پھل دار بننے کے لئے ہماری نارضامندی یا ناقابلیت خدا کے منصوبے کو محدود کر دیتی ہے‘‘۔

کیا یہ دلچسپ بات نہیں کہ فطرت بھی خدا کے پھل دار اور تولیدی نظام کو ظاہر کرتی ہے۔ سال کے ہر موسم کی اپنی خوبصورتی اور مقصد ہے۔لیکن بالآخر اِسے اگلی نسل کو جگہ دینی ہے تا کہ نئی زندگی کا سلسلہ جاری رہے۔ انسانوں کے ساتھ حیوانوں میں بھی تولیدی خواہش فطری طور پر پائی جاتی ہے۔ یہ خواہش ہمارے خالق نے صرف اِس لئے ڈالی ہے کہ اپنے منصوبے کو ایک نسل سے دوسری نسل میں جاری رکھ سکے۔

جس طرح خدا نے آدم اور حوا کو پھلنے اور بڑھنے کا حکم دیا تھا اُسی طرح ہمیں روحانی طور پر شاگرد بنانے کا حکم ملا ہے۔ ہم دو طرح سے اِس حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ ہم کھوئے ہوؤں کے سامنے یسوع کی گواہی دیتے ہیں اور اُنہیں خدا کی بادشاہی میں نئی پیدائش کے وسیلے سے داخل ہوتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم سرگرمی سے اُن کی اِصلاح کرتے اور اُنہیں شاگرد بناتے ہیں۔ اِس طرح ہم پھل دار بنتے ہیں۔ کیا آپ خدا کے منصوبے کو محدود کر رہے ہیں یا اُسے آگے بڑھا رہے ہیں؟

آج کے لئے دُعا: اے باپ! میری مدد فرما کہ زندگی کی مصروفیت میں مَیں تیرے ساتھ مل کر تیری بادشاہی کو وسعت دینے اور دوسروں کی اُس میں داخل ہونے میں مدد کرنے کی ذمہ داری نہ بھول جاؤں۔ مجھے کھوئے ہوؤں کو جیتنے کی دلیری اور اِس احساس کے لئے باطنی تحفظ اور بلوغت عطا کر کہ مَیں نے ایمان میں دوڑنے والوں کی اگلی نسل تیار کرنی ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش 28:1 ’’اور خُدا نے اُن کو برکت دی اور کہا کہ پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور و محکوم کرو اور سمندر کی مچھلیوں اور ہوا کے پرندوں اور کُل جانوروں پر جو زمین پر چلتے ہیں اختیار رکھو۔‘‘

2 - تیم 2:2 ’’اور جو باتیں تُو نے بہت سے گواہوں کے سامنے مجھ سے سنی ہیں اُن کو ایسے دیانت دار آدمیوں کے سپرد کر جو اَوروں کو بھی سکھانے کے قابل ہوں۔‘‘

متی 19-18:28 ’’یسوع نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کُل اختیار مجھے دیا گیا ہے۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔‘‘

# نومبر 2

''ہاتھ بلند کرنے سے سچائی کا تعین نہیں ہوتا''۔

امریکہ کو جمہوری طور پر منتخب ہونے والی عوامی حکومت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ امریکہ کے بانیوں نے اِس خواہش کے ساتھ قوم کی بنیاد رکھی کہ'' ہم عوام'' حکمرانی کرتے ہیں۔ لہٰذا افسروں کے تقرر، قانون بنانے اور آئین میں ترامیم کے لئے اکثریت کی رائے کو اپنایا جاتا ہے۔ اِس لئے اِس جمہوری معاشرے میں ہر پہلو میں کوئی پالیسی اپنانے کے لئے ہاتھ بلند کئے جاتے ہیں۔

تاہم خدا کی بادشاہی نہ تو جمہوری ہے اور نہ ہی عوامی۔ اِس میں خدا کو اختیار حاصل ہے یعنی اِس میں ''خدا حکمرانی کرتا ہے''۔ جب ہم مشکل حالات کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں تو ایسے لوگوں کی آرا اور منظوری کے خواہاں ہوتے ہیں جو ہمارے نقطۂ نظر سے اتفاق کریں ۔لیکن ہم خواہ جتنے بھی لوگوں کو اپنی حمایت میں کھڑا کر لیں خدا کے کلام پر نہ تو بحث ہوسکتی ہے اور نہ ہی اِس کے لئے ووٹ ڈالا جا سکتا ہے۔ بائبل ''سچائی کا کلام'' ہے۔ یہ جو فرماتی ہے وہی اِس کا مطلب ہوتا ہے اور جو اِس کا مطلب ہوتا ہے یہ وہی فرماتی ہے۔ سب کچھ ترک کر کے خدا کے کلام کو تھام لیں اور خدا کی سچائی کے مطابق آگے بڑھیں۔

آج کے لئے دُعا: اے خداوند! میرا خالق تُو ہے اور مَیں جانتا ہوں کہ میرا خالق ہونے کی حیثیت سے تُو ہمیشہ جانتا ہے کہ میرے لئے کیا بہترین ہے ۔ مجھے ہمت دے کہ مشکل وقت میں مَیں اکثریت کی رائے کا قائل نہ ہو جاؤں بلکہ تیری سچائی پر قائم رہوں جو تُو نے اپنے کلام میں ظاہر کی ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یوحنا 17:17 ''اُنہیں سچائی کے وسیلہ سے مقدس کر۔ تیرا کلام سچائی ہے۔''

زبور 30:119 ''مَیں نے وفاداری کی راہ اختیار کی ہے۔مَیں نے تیرے احکام اپنے سامنے رکھے ہیں۔''

رُومیوں 4:3 ''ہرگز نہیں، بلکہ خدا سچا ٹھہرے اور ہر ایک آدمی جھوٹا۔ چنانچہ لکھا ہے کہ تُو اپنی باتوں میں راست باز ٹھہرے اور اپنے مقدمے میں فتح پائے۔''

1۔کرنتھیوں 20:1 ''کہاں کا حکیم؟ کہاں کا فقیہہ؟ کہاں کا جہان کا بحث کرنے والا؟ کیا خُدا نے دنیا کی حکمت کو بے وقوفی نہیں ٹھہرایا؟''

# نومبر 3

''جرأت مندی خوف کی عدم موجودگی کا نام نہیں''۔

خوف لازمی طور پر ایک منفی جذبہ یا احساس نہیں۔ مثال کے طور پر ایک صحت مند خوف کسی کو پہاڑ کی چوٹی کے کنارے پر جانے سے ایک خطرناک یا مہلک حادثے سے بچا سکتا ہے۔ ایک صحت مند خوف کسی کو جنگلی درندے مثلاً سانپ سے کاٹے جانے سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ تاہم والدین جرأت مندی سے (نہ کہ خوف کی عدم موجودگی کے باعث ) اپنے بچے اور سانپ کے درمیان کھڑے ہو سکتے ہیں تا کہ اُن کا بچہ سانپ کے کاٹنے اور اُس کے زہر سے بچ سکے۔

اِس لئے خوف ہماری زندگی میں مثبت یا منفی کردار ادا کر سکتا ہے۔ خوف کے باعث ہم وہ کام کرنے سے باز رہ سکتے ہیں جو ہمیں کرنے چاہئیں اور خوف کی وجہ سے ہی ہم وہ کام بھی نہیں کریں گے جو ہمیں نہیں کرنے چاہئیں۔ سورمے وہی ہوتے ہیں جو اِس فرق کو سمجھتے ہیں۔ وہ دانش مندی اور دلیری سے کام کرتے ہیں۔ غیر منطقی خوف کو اجازت نہ دیں کہ وہ آپ کو آگے بڑھنے سے روک دے۔ ہمت کریں اور آگے بڑھیں!

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مَیں تیری مدد کے لئے شکرگزار ہوں کہ اپنے اندیشوں کا جرأت سے سامنا کر سکتا ہوں اور تیری عطا کردہ قوت سے ہر روز فتح مند زندگی بسر کر سکتا ہوں۔ مجھے سکھا کہ مَیں زندگی کے مسائل کو ہمت سے حل کر سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور 10:111 ''خداوند کا خوف دانائی کا شروع ہے۔ اُس کے مطابق عمل کرنے والا دانش مند ہے۔ اُس کی ستائش ابد تک قائم ہے۔''

یہوداہ 1:22-23 ''اور بعض لوگوں پر جو شک میں ہیں رحم کرو۔ اور بعض کو جھپٹ کر آگ میں سے نکالو اور بعض پر خوف کھا کر رحم کرو بلکہ اُس پوشاک سے بھی نفرت کرو جو جسم کے سبب سے داغی ہو گئی ہو۔''

یشوع 1:8-9 ''شریعت کی یہ کتاب تیرے منہ سے نہ ہٹے بلکہ تجھے دِن اور رات اِسی کا دھیان ہو تا کہ جو کچھ اِس میں لکھا ہے اُس سب پر تُو احتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تجھے اقبال مندی کی راہ نصیب ہو گی اور تُو خوب کامیاب ہو گا۔ کیا مَیں نے تجھ کو حکم نہیں دِیا؟ سو مضبوط ہو جا اور حوصلہ رکھ۔ خوف نہ کھا اور بے دل نہ ہو کیونکہ خداوند تیرا خدا جہاں جہاں تُو جائے تیرے ساتھ رہے گا۔''

# نومبر 4

'' آپ زندگی میں سب سے زیادہ پُر عزم اُس وقت ہوتے ہیں جب آپ ہمت نہ ہارنے کا فیصلہ کرتے ہیں''۔

یہ کتنی افسوس ناک بات ہے کہ ہم اپنے بچپن میں سیکھے ہوئے اُن چھوٹے چھوٹے اسباق پر اکثر نہ تو غور وخوض کرتے ہیں اور نہ ہی اُنہیں اپنے موجودہ حالات میں استعمال کرتے ہیں۔ آئیں سائیکل چلانے کی اپنی ابتدائی کوششوں پر غور کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے ہمیں دو پہیوں پر توازن قائم کرنا مشکل لگا ہو، لیکن ہم اپنی تمام تر صلاحیتیں اور ہمت استعمال کرتے ہوئے سائیکل پر سوار ہو گئے تھے۔ ہم کتنی مرتبہ گرے، اپنے گھٹنے زخمی کیئے اور دوبارہ کوشش کی؟ لیکن ہم نے اِس خیال کو ترک نہ کیا کہ ایک دن ہم اپنے دوستوں کے ساتھ سائیکل پر سکول جائیں گے۔ بالآخر ہماری ثابت قدمی اور ہمت رنگ لائی اور ہم سڑک پر سائیکل چلانے کے قابل ہو گئے۔

زندگی کو درپیش چیلنج بنیادی طور پر سائیکل چلانے سے مختلف نہیں۔ راست بازی کے سیدھے اور تنگ راستے پر آگے بڑھنا اور خدا کے مقصد کو پورا کرنا سائیکل چلانے کی طرح ہے۔ اِس کے لئے پختہ ارادے اور توجہ کے ساتھ اِس بات کی ضرورت ہے کہ ہم کبھی ہمت نہ ہاریں۔

آج کے لئے دُعا: اے باپ ! میرے اندر بچے جیسا ایمان بحال کر تا کہ مَیں زندگی کے ہر چیلنج کا اُس پر غالب آنے کے رویے کے ساتھ مقابلہ کرسکوں۔ مجھے ایمان کے وہ تمام سورمے یاد دِلا جو ناممکن حالات پر غالب آئے اور تیرے روح کی قوت سے اِس دُنیا میں اپنا ہر کام فتح مندی سے مکمل کیا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

فلپیوں 14:3 ''نشان کی طرف دَوڑا ہوا جاتا ہوں تاکہ اُس انعام کو حاصل کروں جس کے لئے خدا نے مجھے مسیح یسوع میں اُوپر بلایا ہے۔''

عبرانیوں 2:12 ''اور ایمان کے بانی اور کامل کرنے والے یسوع کو تکتے رہیں جس نے اُس خوشی کے لئے جو اُس کی نظروں کے سامنے تھی شرمندگی کی پروا نہ کر کے صلیب کا دُکھ سہا اور خدا کے تخت کے دہنے ہاتھ جا بیٹھا۔''

عبرانیوں 38:10 ''اور میرا راست باز بندہ ایمان سے جیتا رہے گا اور اگر وہ ہٹے گا تو میرا دل اُس سے خوش نہ ہو گا۔''

# نومبر 5

''زندگی گنجائش کے ساتھ گزارنے کے لئے ترتیب دی گئی ہے''۔

زندگی اُس وقت بہترین گزرتی ہے جب آخری سیڑھی پر پہنچ کر بھی ہم میں سانس لینے کی ہمت ہو، جب دن کے اختتام پر بھی ہم میں صبر کرنے کی قوت ہو اور مہینے کے اختتام پر بھی ہمارے پاس کچھ رقم موجود ہو۔ زندگی ایک گنجائش کے ساتھ بہترین طور پر گزرتی ہے۔ لوگ ہمیشہ آخری حدود یا کناروں کو چھونے والے خطرے کی زد میں رہتے ہیں۔ کوئی غیر متوقع واقعہ ہوتا ہے اور اُن کی زندگی کا شیرازہ بکھرنے لگتا ہے۔

یوسف نے ہمیں زندگی میں گنجائش رکھنا سکھایا ہے۔ اُس نے اچھے حالات، پُر سکون حالات اور کثرت کے وقت پر بھرپور توجہ دی اور جو اضافی تھا اُسے جمع کیا تاکہ جب زندگی تقاضا کرے تو اُس کے پاس اپنی ضروریات سے زیادہ موجود ہو۔ ہمیں زندگی کے ہر اہم پہلو میں اُس کی مثال کی پیروی کرنی چاہئے جیسے کہ صحت، مالی وسائل اور خدا اور انسان دونوں کے ساتھ تعلقات میں۔ اچھے وقت کو ضائع نہ کریں بلکہ ضرورت پڑنے سے پہلے محنت کریں، ورزش کریں، بچت کریں اور تعلقات بنائیں تاکہ جب آپ کو اِن کی ضرورت پڑے تو آپ کے پاس گنجائش ہو۔ آج آپ کو اپنے مستقبل کے لئے کیا کرنا چاہئے؟ خالی بیرل کی نسبت بھرے ہوئے بیرل کے لئے کچھ خرچ نہیں کرنا پڑتا اور قریباً خالی ہونے والی ٹینکی کی نسبت بھری ہوئی ٹینکی سے گاڑی چلانے سے خرچہ کم ہوتا ہے۔ آج ہی اپنی خالی ٹینکیاں بھریں۔

آج کے لئے دُعا: پیارے آسمانی باپ! میری مدد فرما کہ مَیں آج اپنے آپ کو دستیاب موقعوں کو دیکھ سکوں اور اُن سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکوں تاکہ میرا مستقبل محفوظ ہو اور مَیں اُس کے لئے بہتر طور پر تیار ہو جاؤں۔ مجھے اچھے حالات میں ذخیرہ خانہ تیار کرنے کی اہمیت سکھا تاکہ مَیں تیری برکات کی بہتات ضائع نہ کر دُوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش 36-35:41 ''اور وہ اُن اچھے برسوں میں جو آتے ہیں سب کھانے کی چیزیں جمع کریں اور شہر شہر میں غلہ جو فرعون کے اختیار میں ہو خورِش کے لئے فراہم کر کے اُس کی حفاظت کریں۔ یہی غلہ ملک کے لئے ذخیرہ ہو گا اور ساتوں برس کے لئے جب تک ملک میں کال رہے گا کافی ہو گا تاکہ کال کی وجہ سے ملک برباد نہ ہو جائے۔''

یوحنا 10:10 ''چور نہیں آتا مگر چرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔ مَیں اِس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں اور کثرت سے پائیں۔''

امثال 10-9:3 ''اپنے مال سے اور اپنی ساری پیداوار کے پہلے پھلوں سے خداوند کی تعظیم کر۔ یوں تیرے کھتّے خوب بھرے رہیں گے اور تیرے حوض نئی مَے سے لبریز ہوں گے۔''

# نومبر 6

'' آپ جن حالات سے گزر رہے ہیں ہوسکتا ہے وہ آپ کے ماضی کی سزا نہ ہوں بلکہ آپ کو مستقبل کے لئے تیار کرنے کے لئے ہوں۔''

جب ہم کسی نوکری کے حصول کے لئے انٹرویو دینے جاتے ہیں تو ہم سے اکثر یہ سوال پوچھا جاتا ہے کہ ''کیا آپ کو اِس کام کا تجربہ ہے ؟'' ہم اپنی ڈگری کی اہمیت واضح کر سکتے ہیں، لیکن اِس کے باوجود آجر ہمارے ماضی کے تجربے میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔ دراصل ہماری اعلیٰ تعلیم کے باوجود زیادہ تر نوکریاں ایک مخصوص تجربے کا تقاضا کرتی ہیں۔

ماضی کے تجربے سے ہم یہ جان لیتے ہیں کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔ نیز ہم ایک سے زیادہ مرتبہ سنگین غلطیاں کرنے سے بچ سکتے ہیں۔ زندگی کے سفر میں ہم غلطیاں کر سکتے ہیں، تاہم خدا اِن غلطیوں کو استعمال کر کے ہمیں تربیت دینے اور مستقبل کے لئے تیار کرنے کا آرزومند ہے۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! میری مدد فرما کہ مَیں اپنے موجودہ حالات اور مسائل کے لئے اپنی سوچ میں تبدیلی لاؤں۔ اُن کے وسیلے سے مجھے اپنی وفاداری اور محبت سکھا تا کہ مَیں وہ بڑی ذمہ داریاں نباہنے کے لئے تیار ہوسکوں جو تُو مجھے دینا چاہتا ہے۔ میری یہ بھی دعا ہے کہ مجھے قابلِ اعتماد شخص بنا کیونکہ مَیں تیری قوت اور کلام کے وسیلے سے زندگی کے امتحانات میں کامیاب ہونے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش20:50 ''تُم نے تو مجھ سے بدی کرنے کا ارادہ کیا تھا، لیکن خدا نے اُسی سے نیکی کا قصد کیا تا کہ بہت سے لوگوں کی جان بچائے۔ چنانچہ آج کے دِن ایسا ہی ہو رہا ہے۔''

یسعیاہ 10:48 ''دیکھ مَیں نے تجھے صاف کیا، لیکن چاندی کی مانند نہیں۔ مَیں نے مصیبت کی کُٹھالی میں تجھے صاف کیا۔''

2۔کرنتھیوں18:4 ''جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اَن دیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَن دیکھی چیزیں ابدی ہیں۔''

# نومبر 7

'' اگر آپ آج اپنے آپ میں تبدیلی نہیں لا سکتے تو آپ کبھی بھی اپنے کل میں تبدیلی نہیں لا پائیں گے''۔

ہم نے جو بھی کام کسی دن کیا ہے وہ آج کا دن تھا۔'' آج '' ہی وہ دن ہے جو کہ آپ کے پاس ہے اور'' کل'' کبھی نہیں آتا۔ پاگل پن کی تعریف یہ بیان کی جاتی ہے کہ ایک ہی کام بار بار کرنا اورمختلف نتیجے کی توقع رکھنا۔ اگر ہم اپنے ماضی کی نسبت فرق قسم کے مستقبل کی توقع رکھتے ہیں تو جو موقع ہمیں دستیاب ہے ہم نے اُسے استعمال کرنا ہے، اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لئے ضروری فیصلے کرنے ہیں اور اُن پہلوؤں میں تبدیلی لانی ہے جہاں لانے کی ضرورت ہے۔

ابھی اپنا جائزہ لیں ... اِس سے بہتر وقت نہیں آئے گا... اپنے آپ کو پہلا قدم اُٹھانے کا چیلنج دیں اور اپنے مستقبل کو تبدیل کریں تا کہ وہ ویسا بن جائے جیسا خدا نے آپ کے لئے تجویز کیا ہے۔ خدا ہم سے تبدیل ہونے کی توقع رکھتا ہے۔ وہ توقع رکھتا ہے کہ ہم اُس کے کلام پر عمل کرتے ہوئے اُس میں آگے بڑھیں۔ وہ جانتا ہے کہ جو کچھ ہم آج تبدیل کریں گے وہ ہمارے کل کو تبدیل کر دے گا۔ تبدیلی لائیں !

آج کے لئے دُعا : اے باپ! میرے کردار کو مضبوط بنا تا کہ مَیں تجھے اپنی زندگی کے اُن پہلوؤں پر روشنی ڈالنے دُوں جن میں مجھے آج تبدیلی لانے کی ضرورت ہے ۔مَیں جان گیا ہوں کہ اپنے بہتر کل میں مَیں خود ہی رکاوٹ بنا ہوا ہوں۔ مجھے اپنے اندر تبدیلی لانے کا فضل عطا کر۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

رومیوں 12:2 ''اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تا کہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامِل مرضی تجربے سے معلوم کرتے رہو۔''

2۔کرنتھیوں 6:2 '' کیونکہ وہ فرماتا ہے کہ مَیں نے قبولیت کے وقت تیری سُن لی اور نجات کے دِن تیری مدد کی۔ دیکھو اب قبولیت کا وقت ہے۔ دیکھو یہ نجات کا دِن ہے۔''

# نومبر 8

''رونا آپ کو مصر سے رہائی دِلا سکتا ہے، لیکن مُلکِ موعود میں پہنچنے کے لئے وفاداری کی ضرورت ہے۔''

جس طرح اسرائیلی مصر سے رہائی پانے کے لئے خدا کے سامنے روئے اُسی طرح ہم زندگی کے مشکل مسائل کے باعث کراہتے ہیں۔ یہ مشکل مسئلہ ہماری کوئی بُری عادت، مالی مسئلہ، بے روزگاری، اِزدواجی بندھن بہتر ہونے کی خواہش یا کوئی اَور تمنا ہوسکتی ہے جس نے ہمیں اپنی گرفت میں لے رکھا ہو۔

ہم سب خدا کے سامنے فریاد کرنے اور اُس کی مدد پانے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ تاہم اگر ہم خدا کے تمام وعدے پانے کی بھی توقع رکھیں تو بھی ہم نے اپنی موجودہ مشکل حل ہو جانے پر خدا کو بھول جانے کی آزمائش میں نہیں پڑنا۔ جس خدا نے ہمیں رہائی دی ہے وہی ہمیں دودھ اور شہد کے مُلک میں بھی لے جائے گا، لیکن اُسے پانے کے لئے ہمیں وفادار بننے کی ضرورت ہے۔

آج کی دُعا : پیارے خداوند! مجھے اپنا وفادار بننا سکھا۔ جب میری مشکل حل ہو جائے اور ضرورت پوری ہو جائے تو مَیں اپنی پرانی زندگی کی طرف نہ لوٹ جاؤں اور تیرے لئے بے پروا نہ بن جاؤں۔ مجھے اپنے روح کے وسیلے سے میری غلطی کا احساس دِلا اور فضل دے کہ مَیں تیرا وفادار رہوں تاکہ مَیں اُس مُلکِ موعود سے محروم نہ رہ جاؤں جو تُو نے میرے لئے رکھا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

خروج3:7-8 ''اور خداوند نے کہا مَیں نے لوگوں کی تکلیف جو مصر میں ہیں خوب دیکھی اور اُن کی فریاد جو بیگار لینے والوں کے سبب سے ہے سنی اور مَیں اُن کے دُکھوں کو جانتا ہوں۔ اور مَیں اُترا ہوں کہ اُن کو مصریوں کے ہاتھ سے چھڑاؤں اور اُس ملک سے نکال کر اُن کو ایک اچھے اور وسیع ملک میں جہاں دودھ اور شہد بہتا ہے یعنی کنعانیوں اور حتیوں اور اموریوں اور فرزیوں اور حویوں اور یبوسیوں کے ملک میں پہنچاؤں۔''

گلتیوں 22:5 ''مگر روح کا پھل محبت۔ خوشی۔ اِطمینان۔ تحمل۔ مہربانی۔ نیکی۔ اِیمان داری...''

# نومبر 9

'' معمولی باتیں آپ کو غیر معمولی کے لئے تیار کرتی اور اہل بناتی ہیں ۔ اپنے معمولی وقت میں عظیم بنیں''۔

کیا کبھی آپ کو زندگی عام سی اور اُکتا دینے والا معمول لگی ہے؟ کیا آپ نے کبھی خواہش کی ہے کہ آپ کی اُچاٹ سی زندگی میں کوئی شاندار واقعہ رُونما ہو؟ ہم سب اِس طرح محسوس کرتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ ہماری زندگی کے زیادہ تر دن عام سے ہی ہوتے ہیں۔ تاہم ایسے دن بھی ایک مقصد رکھتے ہیں۔ یہ ہمارے کردار کو جانچنے، تشکیل دینے اور مضبوط بنانے کے لئے ہیں۔

حقیقی عظمت کی تعریف کسی ایک کامیاب لمحے سے نہیں کی جا سکتی۔ اِس کا تعلق عمر بھر کی مستقل مزاجی سے ہے۔ جب ہم اپنے عام لمحات کو قابلِ اعتبار اور منظّم ثابت کرتے ہیں تو ہم غیر معمولی لمحات سنبھالنے کے اہل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اپنے عام دِنوں میں عظیم بنیں۔

آج کے لئے دُعا : اے خدا! مَیں عام دِنوں کے لئے شکرگزار ہوں جو تُو نے مجھے خاص دِنوں کی طرف بڑھانے کے لئے عطا کئے ہیں۔مَیں اِس توقع کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے آج اپنے آپ کو وفادار ثابت کروں گا کہ اپنی زندگی کے خاص وقت کے لئے اپنے آپ کو قابلِ اعتماد ثابت کر سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یسعیاہ 31:40 ''لیکن خداوند کا انتظار کرنے والے ازسرِنَو زور حاصل کریں گے۔ وہ عقابوں کی مانند بال و پَر سے اُڑیں گے۔ وہ دوڑیں گے اور نہ تھکیں گے۔ وہ چلیں گے اور ماندہ نہ ہوں گے۔''

اعمال 11:19 ''اور خداوند پولس کے ہاتھوں سے خاص خاص معجزے دکھاتا تھا۔''

# نومبر 10

''تسلیم کریں، ترک کریں اور بھول جائیں ۔''

خدا نے ہمیں انتخاب، چناؤ یا فیصلہ کرنے کا بہترین تحفہ دیا ہے۔ ہم خدا یا پھر اپنی خدمت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اپنی خدمت کرنے کا چناؤ کرنے سے ہم اپنے آپ کو یقینی طور پر تباہی کی راہ پر ڈال دیں گے۔ لیکن ہم اپنا فیصلہ بدلنے کا حق استعمال کرنے سے اپنی زندگی کا رُخ بدل کر کسی بھی وقت اِس چناؤ کو بدل سکتے ہیں۔

ہم دُرُست سمت میں بڑھنے کا آغاز کیسے کر سکتے ہیں؟ اوّل، ہم نے سب سے پہلے خدا کے حضور اپنے گناہ کو تسلیم کرنا ہے۔ اعتراف کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ اِس سے ذمہ داری اور قائلیت آتی ہے کہ ہمیں تبدیل ہونے کی ضرورت ہے۔ دوم، ہمیں اپنا گناہ ترک کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ دوسرا چناؤ ہمیں صحیح سمت میں رکھنے میں مدد دے گا۔ پھر ہمیں اپنا گناہ بھول جانا ہے تاکہ ہم احساسِ جُرم کے بغیر زندگی بسر کر سکیں۔ اپنا گناہ تسلیم کریں، ترک کریں اور بھول جائیں۔ زندگی میں آگے بڑھنے کے لئے یہ تین قدم ضروری ہیں۔

آج کے لئے دُعا: اے باپ! مَیں تیرے حضور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں۔ مجھے معاف کر اور اِسے ترک کرنے اور دوبارہ کبھی بھی گناہ نہ کرنے کی قوت دے۔ میری مدد کر کہ مَیں یہ جانتے ہوئے تیری محبت میں قائم رہوں کہ یسوع کا خون مجھے ہر گناہ سے پاک کرتا اور اُسے بھولنے کے قابل بناتا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

1۔یوحنا 9:1 ''اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کے معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچا اور عادِل ہے۔''

زبور 10:51 ''اَے خدا میرے اندر پاک دل پیدا کر اور میرے باطِن میں ازسرِنَو مستقیم روح ڈال۔''

# نومبر 11

''زیادہ مصروف رہنے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ زیادہ پھل دار کام کر رہے ہیں۔''

اگر انسانی تاریخ میں کوئی ایسا وقت ہے جس پر'' مصروفیت'' کا اطلاق کیا جائے تو وہ آج کا دور ہے۔ اب ہر شخص مصروف ہوتا ہے اور ایک کام سے دوسرے کام کی طرف بھاگ رہا ہوتا ہے اور بمشکل ہی اپنے سخت اور محنت طلب شیڈول کو پورا کر رہا ہوتا ہے۔ تاہم مصروفیت کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا کام مؤثر اور مفید بھی ہے۔ آج کے دور کی توجہ طلب اور پُر ہیجان بھاگ دوڑ پر غور کریں کہ آپ کیا کر رہے ہیں، کیوں کر رہے ہیں اور کس کے لئے کر رہے ہیں۔ شاید آپ کو ایسے غیر ضروری کام ملیں جو قابلِ قدر نتائج کے بغیر آپ کی توانائی زائل کر رہے ہیں۔ اپنے کاموں کی ترجیحی بنیاد پر فہرست بنائیں اور اہم کاموں کو اوّل مقام دیں۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کی زندگی زیادہ بہتر طور پر آگے بڑھے گی اور آپ کا وقت ضروری اور اہم کاموں میں استعمال ہو گا۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خدا! مجھے حکمت عطا کر کہ مَیں اپنی زندگی پر دیانت داری سے توجہ دے سکوں اور جو کام واقعی اہم ہیں اُن کی نشاندہی کر سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اُن کاموں کو وہ اہمیت دے سکوں جن کے وہ مستحق ہیں۔ پھر مجھے قوت دے کہ مَیں اپنے ارادے پر قائم رہوں اور اِن اہم کاموں کو اپنی زندگی کا مرکز بنائے رکھوں۔ مَیں چاہتا ہوں کہ اپنی زندگی کے اختتام پر اپنے سالوں پر نگاہ کر سکوں اور اعتماد سے کہہ سکوں کہ مَیں نے مؤثر اور مفید کام کئے ہیں کیونکہ مَیں نے زندگی کے اہم ترین کاموں پر توجہ مرکوز کی تھی۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی33:6 ''بلکہ تُم پہلے اُس کی بادشاہی اور اُس کی راست بازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں بھی تم کو مِل جائیں گی۔''

افسیوں15:5-17 ''پس غور سے دیکھو کہ کس طرح چلتے ہو۔ نادانوں کی طرح نہیں بلکہ داناؤں کی مانند چلو۔ اور وقت کو غنیمت جانو کیونکہ دن بُرے ہیں۔ اِس سبب سے نادان نہ بنو بلکہ خداوند کی مرضی کو سمجھو کہ کیا ہے۔''

# 12 نومبر

'' ہوسکتا ہے آپ بنائے جانے کے عمل سے گزر رہے ہوں''۔

جب داؤد نے خدا کے لئے ایک گھر بنانے کا فیصلہ کیا تو خدا نے ناتن نبی کے وسیلے سے اُسے ڈانٹا۔ خدا نے اُسے یاد دلایا کہ اُسے اُس وقت چنا گیا تھا جب وہ ابھی ایک چھوٹا لڑکا ہی تھا اور چند بھیڑوں کی گلہ بانی کرتا تھا۔ اُس وقت نہ تو اُس کی کوئی حیثیت تھی اور نہ ہی وہ خدا کو کچھ پیش کرنے کی سکت رکھتا تھا۔ نبی نے داؤد کو یہ بھی بتایا کہ جب خدا نے اپنے لئے گھر بنانے کے لئے نہیں کہا تو یہ تصور کرنا بھی تکبر ہے کہ وہ خدا کے لئے گھر بنا سکتا ہے۔ خدا نے داؤد سے یہ کہا کہ ''مَیں نے تجھے لیا اور مَیں نے یہ مقام بخشا...''

یہ واقعہ بیان کرتا ہے کہ داؤد بنی اسرائیل کا بادشاہ کیوں تھا۔ اِس کے پیچھے خدا کا ہاتھ تھا۔ خدا نے اُسے لیا اور بادشاہ بنایا۔ ایسا نہیں کہ اُس نے اُسے لیا اور بادشاہت دے دی۔ داؤد نے اِس عمل میں کئی سال گزارے اور اکثر ہم بھی اِس عمل سے گزرتے ہیں۔ شاید آپ آج اِس عمل سے گزر رہے ہیں۔ اپنے خالق کمہار کے ہاتھ میں ڈھلنے والی مٹی کی طرح رہیں اور اُسے اپنی زندگی بنانے اور سنوارنے کی اجازت دیں۔ اُس کے پاس آپ کے لئے ایک منصوبہ ہے۔

آج کے لئے دُعا: اے باپ! مَیں زندگی کی مشکلات اور مسائل کا سامنا کرتے ہوئے اپنی نگاہیں تجھ پر مرکوز رکھنا چاہتا ہوں۔ مَیں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں کہ میری زندگی میرے ہاتھ میں ہے اور تُو مجھ میں ایسی خوبیاں پیدا کر رہا ہے جن سے مَیں ایسا مسیحی کہلا سکوں گا جو مسیح کی مانند ہو۔ مَیں اپنے راستے پر قائم رہوں گا اور اپنی دوڑ پوری کروں گا۔ جب مَیں اپنے آپ کو مشکل حالات میں پاؤں گا تو تیرے ساتھ تعاون کروں گا اور تجھے اجازت دُوں گا کہ تُو مجھے اپنی مانند بنانا جاری رکھے۔ مجھے اَور زیادہ اپنی مانند بنا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

2۔سموئیل 8:7 ''سو اب تُو میرے بندہ داؤد سے کہہ کہ رَبّ الافواج یوں فرماتا ہے کہ مَیں نے تجھے بھیڑ سالہ سے جہاں تُو بھیڑ بکریوں کے پیچھے پیچھے پھرتا تھا لیا تاکہ تُو میری قوم اسرائیل کا پیشوا ہو۔''

# نومبر 13

''بہت سے لوگ استعمال ہونے کے لئے رضامند ہو جاتے ہیں، لیکن اِس بات کے لئے رضامند نہیں ہوتے کہ اُنہیں تیار کیا جائے''۔

آپ ایک ڈاکٹر، خلا باز ، سائنس دان یا عظیم کھلاڑی بننا پسند کریں گے؟ شاید آپ کچھ بن سکتے ہیں اور آپ کو بننا بھی چاہیئے۔ تاہم اگر آپ کچھ بننے کی تیاری کرنے میں ناکام ہو جائیں تو آپ کچھ نہیں بن سکیں گے۔ قریباً زندگی کے ہر شعبے میں لوگ کوئی عظیم کام کرنے کے لئے رضامند ہوتے ہیں۔ تاہم چند لوگ ہی ایسے ہوتے ہیں جو اُس اہم کام کے لئے تیار ہونے کے لئے اپنا وقت، وسائل اور کوشش کرنے کے لئے رضامند ہوتے ہیں۔ یہ صورتِ حال کلامِ مقدس کی اِس آیت کی وضاحت کرتی ہے کہ بُلائے ہوئے تو بہت ہیں لیکن برگزیدہ تھوڑے ہیں۔

بُلائے ہوؤں اور برگزیدوں میں فرق محض تیاری کا ہے۔ اگر کسی ڈاکٹر نے تربیت حاصل نہ کی ہو، تیاری نہ کی ہو، کسی کی نگرانی میں سیکھا نہ ہو یا تجربہ نہ ہو تو ہم اُسے اپنا یا اپنے بچوں کا علاج نہیں کرنے دیں گے۔ لیکن ہم جو روحانی معاملات میں شامل ہیں اگرچہ ہم خدا کے ہاتھ میں استعمال ہونے کے لئے تیار ہوتے ہیں، لیکن اکثر اُس کے کام کی مطلوبہ تیاری کے لئے وقت اور وسائل دینے اور محنت کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے ۔ آج ہی فیصلہ کریں کہ آپ خداوند کریم کی طرف سے بُلائے جانے والے سے آگے بڑھیں گے۔ اُسے اجازت دیں کہ وہ آپ کو تیار کر سکے تا کہ آپ اُس کے ہاتھ میں بہترین طور پر استعمال ہو سکیں۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! میری مدد کر کہ مَیں خوشی سے اپنے آپ کو تیرے ہاتھ میں سونپ دُوں تا کہ تُو مجھے اپنے مقصد کے لئے تیار کر سکے اور تیار ہونے کے لئے اُتنا ہی پُر جوش رہوں جتنا استعمال ہونے کے لئے ہوتا ہوں ۔ مَیں خوشی سے اپنے آپ کو اُس مقصد کی تیاری کے لئے پیش کرتا ہوں جس کے لئے تُو نے مجھے بُلایا ہے۔ دوسروں کو اپنے کلام اور منصوبے کے مطابق استعمال کر کے مجھے زندگی کے کام کے لئے تربیت دے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

افسیوں 4:11-13 ''اور اُسی نے بعض کو رسول اور بعض کو نبی اور بعض کو مبشر اور بعض کو چرواہا اور استاد بنا کر دے دیا۔ تا کہ مقدس لوگ کامل بنیں اور خدمت گزاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقی پائے۔ جب تک ہم سب کے سب خدا کے بیٹے کے ایمان اور اُس کی پہچان میں ایک نہ ہو جائیں اور کامل انسان نہ بنیں یعنی مسیح کے پورے قد کے اندازے تک نہ پہنچ جائیں۔''

# نومبر 14

''گیارھواں حکم : تُو پسینہ نہ بہانا''۔

اکثر و بیشتر فکریں ہماری زندگی سے ایسے سب کچھ بہا لے جاتی ہیں جیسے بڑی بڑی لہریں ریت سے بنے گھروندوں کو بہا لے جاتی ہیں۔ نامعلوم مستقبل کا خوف، ممکنات اور'' اگر ایسا نہ ہوا تو '' جیسی باتیں ہمارے دل و دماغ پر چھا جاتی ہیں، یہاں تک کہ ہم کچھ اَور سوچنے سمجھنے کے قابل نہیں رہتے۔ لیکن پولس رسول نے تیمتھیس کو نصیحت کی کہ خدا نے ہمیں دہشت کی روح نہیں دی۔ پولس نے اُس کی حوصلہ افزائی کی کہ خدا نے ہر مسیحی کو قدرت، محبت اور تربیت کی روح بخشی ہے۔ لہٰذا جب بھی آپ ناگزیر فکروں کا سامنا کریں تو اُنہیں خداوند پر ڈال دیں۔ وہ زندگی کے طوفانوں اور جدو جہد میں آپ کا مددگار ہو گا۔

آج کے لئے دُعا: آسمانی باپ! مَیں آج عہد کرتا ہوں کہ اپنا دھیان اِس زندگی کی پریشان کرنے والی باتوں پر نہیں بلکہ آسمانی چیزوں پر لگاؤں گا ۔ مَیں جانتا ہوں کہ مَیں مسیح میں سب کچھ کر سکتا ہوں جو مجھے قوت بخشتا ہے۔ اُس نے مجھے فاتح بنایا ہے۔ میری مشکلات مجھ پر غالب نہیں آئیں گی بلکہ مَیں تیرے کلام کے وسیلے سے اُن پر غالب آؤں گا۔ ایمان اور صبر کے وسیلے سے مَیں تیرے وعدے حاصل کروں گا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

2۔تیم 7:1 ''کیونکہ خدا نے ہمیں دہشت کی روح نہیں بلکہ قدرت اور محبت اور تربیت کی روح دی ہے۔''

1۔یوحنا18:4 ''محبت میں خوف نہیں ہوتا بلکہ کامل محبت خوف کو دُور کر دیتی ہے کیونکہ خوف سے عذاب ہوتا ہے اور کوئی خوف کرنے والا محبت میں کامل نہیں ہوا۔''

فلپیوں4:6-7 ''کسی بات کی فکر نہ کرو بلکہ ہر ایک بات میں تمہاری درخواستیں دعا اور منت کے وسیلے سے شکرگزاری کے ساتھ خدا کے سامنے پیش کی جائیں۔تو خدا کا اطمینان جو سمجھ سے بالکل باہر ہے تمہارے دلوں اور خیالوں کو مسیح یسوع میں محفوظ رکھے گا۔''

# نومبر 15

''صحت مند رہنے کے لئے ہر شخص کو متوازن غذا، مناسب ورزش اور آرام کے ساتھ چند چیزوں کو زندگی سے خارج کرنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔''

کیا مجھے اِس بات کی مزید وضاحت اور تشریح کرنے کی ضرورت ہے؟ ٹھیک ہے مَیں اِس کی وضاحت کرتا ہوں۔ توازن زندگی کی کنجی ہے۔ اِن میں سے ایک یا اِس سے زیادہ اجزا کی کمی ہو تو آپ اِن کی کمی کے اثرات محسوس کرنا شروع کر دیں گے۔ خداوند تعالیٰ نے ہمیں روح، جان اور بدن عطا کیا ہے اور اِن تینوں کی بہترین کارکردگی کے لئے اِن کا موزوں طور پر خیال رکھنا ہوتا ہے۔ اِس سے مراد صرف موزوں غذائی اجزا لینا ہی نہیں بلکہ اِس میں یہ بات بھی شامل ہے کہ اُن اجزا سے اجتناب کیا جائے جو ہمارے لئے غیر صحت مند اور نقصان دہ ثابت ہو چکے ہیں۔ لہٰذا یہ بات آپ کے لئے عجیب نہیں ہونی چاہئے کہ آپ نے بلاناغہ اپنا جائزہ لینا ہے اور ہر ایسی چیز کو اپنے آپ سے دُور کرنا ہے جو خدا کی مرضی، اُس کی راہوں اور اُس کے کلام کے برعکس ہے۔ اُس نے وعدہ کیا ہے کہ ایسا کرنے سے آپ بہت زیادہ بہتر اور صحت مند محسوس کریں گے۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! میری مدد فرما کہ مَیں اپنی زندگی کو درپیش مسائل کا سامنا کر سکوں جو روح القدس کے اِس مسکن کی بھلائی کے لئے خطرے کا باعث ہیں۔ مجھے اُن چیزوں کو پہچاننے کی حکمت دے جو میری روح اور جان کی صحت کے لئے نقصان دِہ ہیں تا کہ مَیں اُن سے بچ سکوں۔ اے خدا، میرے دل کو پاک کر اور مجھے ایسا صاف برتن بنا جسے تُو استعمال کر سکے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یعقوب 21:1 ''اِس لئے ساری نجاست اور بدی کے فُضلے کو دُور کر کے اُس کلام کو حلیمی سے قبول کر لو جو دل میں بویا گیا اور تمہاری روحوں کو نجات دے سکتا ہے۔''

افسیوں 24-22:4 '' تم اپنے اگلے چال چلن کی اُس پرانی انسانیت کو اُتار ڈالو جو فریب کی شہوتوں کے سبب سے خراب ہوتی جاتی ہے۔ اور اپنی عقل کی روحانی حالت میں نئے بنتے جاؤ۔ اور نئی انسانیت کو پہنو جو خدا کے مطابق سچائی کی راست بازی اور پاکیزگی میں پیدا کی گئی ہے۔''

# نومبر 16

''لوگوں کو اپنے فیصلے خود کرنے کی اجازت دیں''۔

بائبل یسوع مسیح کو ابنِ خدا اور ابنِ آدم دونوں طرح سے پیش کرتی ہے۔ یسوع کی انسانیت اِس بات کی متقاضی تھی کہ اُسے تعلیم اور تجربہ دیا جائے تا کہ وہ اپنی انسانیت اور خدمت میں نشوونما پائے۔ وہ نہ صرف ہر بات میں آزمایا گیا بلکہ بے گناہ رہا۔ تاہم اُس نے دُکھ اُٹھا کو تابع فرمانی کی قدر و قیمت بھی سیکھی۔ یسعیاہ نبی نے پیش گوئی کی تھی کہ مسیحِ موعود زندگی کی تلخ و شیریں باتوں کا مزہ چکھے گا تا کہ جب اُس کا وقت آئے تو اُسے معلوم ہو کہ اُس نے اپنے لئے کیا فیصلہ کرنا ہے۔

خدا نے اپنے بیٹے کو فیصلہ یا چناؤ کرنے کا حق دیا اور اُسے کامیاب ہونے کے ساتھ ساتھ ناکام ہونے کی بھی اجازت دی۔ یسوع اپنے دِفاع کے لئے دس ہزار فرشتے بُلا سکتا تھا تا کہ صلیب کا دُکھ اُٹھانے سے بچ سکے۔ لیکن اُس نے ایسا نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اُسے کوئی بھی فیصلہ کرنے کا حق حاصل تھا۔ ہم جنہیں شاگرد بناتے ہیں اُن کے لئے ہر چھوٹی بات کا بوجھ محسوس کرنے کی ضرورت نہیں کہ اُنہیں وقت سے پہلے کسی کام کے لئے تیار کر دیں۔ بعض اوقات ہم نے اُنہیں اجازت دینی ہے کہ وہ ہمارے بغیر فیصلے کریں اور آگے بڑھیں۔

آج کے لئے دُعا: اے باپ! مجھے حکمت اور فضل دے تا کہ مَیں دوسروں پر اُسی طرح بھروسا کر سکوں جیسے تُو اُن پر کرتا ہے اور جنہیں تُو نے میری نگرانی میں رکھا ہے۔ مَیں اُنہیں اجازت دُوں کہ وہ تیرے ساتھ براہِ راست تعلق رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نباہ سکیں۔ یہ تیری بادشاہی ہے اور ہم سب تیرے خادم ہیں۔ ہم سب کی صحیح فیصلے کرنے میں مدد فرما۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یسعیاہ 15:7 ''وہ دہی اور شہد کھائے گا جب تک کہ وہ نیکی اور بدی کے ردّ و قبول کے قابل نہ ہو۔''

عبرانیوں 8:5 ''اور باوجود بیٹا ہونے کے اُس نے دکھ اُٹھا اُٹھا کر فرماں برداری سیکھی۔''

عبرانیوں 15:4 ''کیونکہ ہمارا ایسا سردار کاہن نہیں جو ہماری کمزوریوں میں ہمارا ہمدرد نہ ہو سکے بلکہ وہ سب باتوں میں ہماری طرح آزمایا گیا تو بھی بے گناہ رہا۔''

# نومبر 17

'' آپ کو وسیلہ بننے کے لئے وسائل کی ضرورت نہیں بلکہ وسیلہ بننے کے لئے آپ کو ایک منبع کی ضرورت ہے۔''

جب خدا نے ایلیاہ کو صارپت کی بیوہ کے پاس جانے کا حکم دیا تو اُسے یہ بھی بتایا کہ وہ کال کے دوران اُس کی پرورش کرے گی۔ تاہم جب وہ اُس بیوہ سے ملا تو وہ جان گیا کہ اُس کے پاس اپنے خاندان کو کھلانے کے لئے بھی کوئی وسیلہ نہیں تو وہ اُسے کیسے کھانا مہیا کرسکتی ہے۔ اِس مسئلے کا حل کیا تھا؟ خدا پہلے سے اِس کا حل جانتا تھا اور ایلیاہ نے بیوہ کے ساتھ مل کر یہ سیکھا کہ ایک بھرپور وسیلہ بننے کے لئے آپ کو بہت زیادہ وسائل کی نہیں بلکہ ایک بڑے منبع کی ضرورت ہے۔

آپ حیران ہو سکتے ہیں کہ خدا آپ کی اور اُن لوگوں کی ضروریات کیسے پوری کرے گا جن کے آپ ذمہ دار ہیں۔ آپ اپنی تنگ دستی پر نظر کر سکتے اور اپنے وسائل کی بنیاد پر محسوس کر سکتے ہیں کہ آپ اپنی ذمہ داریاں نباہنے کی اہلیت نہیں رکھتے۔ تاہم آپ صرف اپنے وسائل تک محدود نہیں۔ ایک بڑا وسیلہ بننے کے لئے آپ کو صرف ایک بڑے منبع سے منسلک ہونے کی ضرورت ہے۔ اپنے منبع کے طور پر خدا کی طرف دیکھیں اور اپنے آپ کو اُس کا وسیلہ بنائیں۔ آپ مسیح میں سب کچھ کر سکتے ہیں جو آپ کو قوت بخشتا ہے۔ خدا کے ہاتھ کو محدود نہ کریں۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مَیں تیرے ہاتھ میں وسیلہ بننا چاہتا ہوں۔ اِس لئے مَیں تجھے اپنا منبع بناتا ہوں۔ مجھے اُس کام کے لئے کثرت سے مہیا کر جس کے لئے تُو نے مجھے بُلایا ہے۔ مجھے برکت دے اور بابرکت بنا تاکہ مَیں ہمیشہ وہ وسیلہ بنا رہوں جس کی تجھے اِس دُنیا میں ضرورت ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور78:41 ''اور وہ پھر خدا کو آزمانے لگے اور اُنہوں نے اِسرائیل کے قدوس کو ناراض کیا۔''

فلپیوں4:19 ''میرا خدا اپنی دولت کے موافق جلال سے مسیح یسوع میں تمہاری ہر ایک اِحتیاج رَفع کرے گا۔''

فلپیوں4:13 ''جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کرسکتا ہوں۔''

1۔سلاطین17:14 '' کیونکہ خداوند اِسرائیل کا خدا یوں فرماتا ہے کہ اُس دن تک جب تک خداوند زمین پر مینہ نہ برسائے نہ تو آٹے کا مٹکا خالی ہوگا اور نہ تیل کی کُپی میں کمی ہوگی۔''

2۔کرنتھیوں9:8 ''اور خدا تم پر ہر طرح کا فضل کثرت سے کرسکتا ہے تاکہ تم کو ہمیشہ ہر چیز کافی طور پر ملا کرے اور ہر نیک کام کے لئے تمہارے پاس بہت کچھ موجود رہا کرے۔''

# نومبر 18

''اپنی مخصوص ضرورتوں کے مطابق خدا سے راہنمائی حاصل کریں۔''

ایک قدیم قول ہے کہ'' خدا عجیب طریقوں سے راہنمائی کرتا ہے''۔ اُس نے بلعام کو نافرمانی کرنے سے روکنے کے لئے ایک گدھی کے وسیلے سے کلام کیا۔ اُس نے فلپس کو اُس وقت سامریہ سے ایک ویران راستے پر جانے کا حکم دیا جب وہ سامریہ میں بیداری کی مہم چلا رہا تھا۔ اُس نے ایک لڑکے کو زندہ کرنے کے لئے ایلیاہ کو اُس پر لیٹنے کے لئے کہا اور الیشع کو کڑوے پانی کو میٹھا بنانے کے لئے اُس میں نمک ملانے کی ہدایت کی۔

شاید آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہوں جو خدا کے ایسے ہی عجیب حکموں پر عمل کرنے سے بڑی برکت پا رہا ہو اور خدا کے لئے کامیاب خدمت سرانجام دے رہا ہو ۔ تاہم آپ کو وہ کام کرنے کی ضرورت نہیں جو دوسرے خدا کے لئے کر رہے ہیں۔ بلکہ اپنی صورتِ حال کے لئے خدا سے راہنمائی حاصل کریں۔ خدا کے درج بالا احکامات اُن افراد کےمخصوص حالات کے لئے خدا کے احکامات تھے۔لیکن آپ کے لئے وہ اُن کی زندگیوں میں خدا کی خاص راہنمائی کے واقعات ہیں۔ خداوند تعالیٰ کے اِن خادموں کی طرح اپنی صورتِ حال اور ضرورت کے مطابق خدا کی طرف رجوع لائیں۔ پورے دل سے خدا کو تلاش کریں اور اپنے حالات کے لئے اُس سے راہنمائی کے طالب ہوں۔ اِس سے آپ کی مخصوص ضرورت پوری ہو گی۔

آج کے لئے دُعا : اے آسمانی باپ! مَیں اپنے روحانی آبا و اجداد کے دلیر اور زبردست ایمان کا احترام کرتا ہوں۔ مَیں اُن کے ایمان کو پسند کرتا اور اپنی زندگی میں اِسی طرح کا ایمان اور جرأت کا خواہش مند ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی زندگی میں تیرے منصوبے کو جاننے سے اُن ہی کی طرح تیرا وفادار اور فرماں بردار بن سکوں۔ اپنے روح اور کلام کے وسیلے سے مجھ سے کلام کر۔ میری زندگی کی مخصوص ضرورتوں کے مطابق میری راہنمائی فرما۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

اَمثال5:3-7 ''سارے دل سے خداوند پر توکُّل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اُس کو پہچان اور وہ تیری راہ نمائی کرے گا۔تُو اپنی ہی نگاہ میں دانش مند نہ بن۔ خداوند سے ڈر اور بدی سے کنارہ کر۔''

# نومبر 19

''اگلی نسل کے لئے دوڑنے والے تیار کریں۔''

ہم سب کے لئے خدا کا ارادہ یہ ہے کہ ہم دوسروں کو شاگرد بنائیں تا کہ وہ اُن لوگوں کو خدا کے بارے میں بتا سکیں جن تک ہم نہیں پہنچ پائیں گے۔ ہم اپنے بچوں، دوستوں، عزیزوں اور اپنے ساتھ کام کرنے والوں کے لئے مدد اور راہنمائی کا باعث بنتے ہیں۔ ہم کسی حد تک اُنہیں اپنے تجربے اور تعلیم کی روشنی میں سکھاتے ہیں تا کہ وہ مستقبل کے لئے بہتر طور پر تیار ہو سکیں۔ خدا کی بادشاہی میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ پولس نے تیمتھیس کو ہدایت کی کہ جو باتیں اُس نے اُس سے سیکھی ہیں اُنہیں ایسے دیانت دار آدمیوں کو سکھائے جو اَوروں کو بھی سکھانے کے قابل ہوں۔ آسمان کی بادشاہی ریلے ریس (Relay Race) کی طرح ہے جس میں بہت سے دوڑنے والے شامل ہیں۔ ہر کھلاڑی اپنی نسل میں اپنی دوڑ مکمل کر رہا ہے۔ پولس کی طرح ہم نے اپنی موجودہ ضرورتوں اور مفادات سے آگے نظر رکھنی ہے۔ مستقبل کے لئے منصوبہ بنائیں اور دوسروں کی راہنمائی اور مدد کرنے کے لئے وقت نکالیں۔ خدا صرف انسانوں کو آسمان پر جگہ دے گا۔

آج کے لئے دُعا: پیارے آسمانی باپ! مَیں شکرگزار ہوں کہ تُو نے مجھے دوسروں کی زندگیوں میں کام کرنے کا موقع دیا۔ میری مدد کر کہ مَیں مثبت طور پر اثر انداز ہو سکوں اور برکت کا وسیلہ بنوں۔ مجھے اپنے قول و فعل میں دانش مند بنا تا کہ مَیں ہمیشہ ایک اچھی مثال بن سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اُن لوگوں کو پہچان سکوں جنہیں تُو میرے وسیلے سے سکھانا اور بڑھانا چاہتا ہے تا کہ وہ اُن لوگوں کے لئے مدد کا باعث بنیں جن تک مَیں نہیں پہنچ سکتا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

2۔تیم 2:2 ''اور جو باتیں تُو نے بہت سے گواہوں کے سامنے مجھ سے سنی ہیں اُن کو ایسے دیانت دار آدمیوں کے سپرد کر جو اَوروں کو بھی سکھانے کے قابل ہوں۔''

اَمثال 6:22 ''لڑکے کی اُس راہ میں تربیت کر جس پر اُسے جانا ہے۔ وہ بوڑھا ہو کر بھی اُس سے نہیں مُڑے گا۔''

# نومبر 20

''خداوند سے برکت پانے کے ساتھ اُس کے لئے استعمال ہونے کی بھی آرزُو رکھیں۔''

آپ کتنی مرتبہ خود یہ کہہ چکے ہیں یا دوسروں کو یہ کہتے ہوئے سن چکے ہیں کہ'' خداوند مجھے برکت دے''؟ یقیناً کئی مرتبہ اور ایک اچھی وجہ کے لئے۔ بائبل میں ہماری حوصلہ افزائی کی گئی ہے کہ ہم خداوند سے برکت پانے کے طالب ہوں۔لیکن ہم نے یہ بات کبھی نہیں بھولنی کہ برکت ہماری درخواست کا آخری نتیجہ نہیں۔ یہ محض آغاز اور ایک وسیلہ ہے جس سے خدا آپ سے ملنے والے لوگوں کو چھو سکتا ہے۔ لہٰذا خدا سے برکت پانے کے لئے پُر عزم ہوں اور اپنی زندگی میں خدا کے خوف اور دین دارانہ طرزِ زندگی سے دوسروں کے لئے برکت کا وسیلہ بنیں۔ تاہم خدا سے برکت پانے کے بعد کسی ایسی زندگی کے لئے بابرکت بنیں جسے یسوع برکت دینا چاہتا ہے۔ اِس طرح خدا کی برکت ایک حقیقی فرق پیدا کرے گی۔

آج کے لئے دُعا: آسمانی باپ! آج میری زندگی کو بابرکت بنا۔ میری زندگی کے ہر پہلو یعنی مالی، جذباتی، روحانی، تعلقاتی اور جسمانی پہلو کو اپنی مہربانی اور شفقت سے بھر دے اور پھر میری مدد کر کہ مَیں تیری طرف سے دوسروں کے لئے برکت اور وسیلہ بن سکوں۔مَیں جانتا ہوں کہ جو کچھ میرے پاس ہے وہ درحقیقت میرا نہیں بلکہ سب کچھ تیرا ہے۔ لہٰذا مجھے اپنے خاندان، ہمسایوں، کام کرنے والے ساتھیوں اور دوستوں کے لئے استعمال کر۔ مجھے برکت دے تا کہ مَیں دوسروں کے لئے برکت بن سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

استثنا18:8 ''بلکہ تُو خداوند اپنے خدا کو یاد رکھنا کیونکہ وہی تجھ کو دولت حاصل کرنے کی قوت اِس لئے دیتا ہے کہ اپنے اُس عہد کو جس کی قسم اُس نے تیرے باپ دادا سے کھائی تھی قائم رکھے جیسا آج کے دن ظاہر ہے۔''

لوقا48:12 ''اور جسے بہت دیا گیا اُس سے بہت طلب کیا جائے گا۔''

# نومبر 21

'' خدا ہمارا منبع اور ہم اُس کا وسیلہ ہیں۔''

یہ کبھی نہ بھولیں کہ آپ کا اِس دُنیا میں ہونے کا مقصد کیا ہے، کس نے آپ کو رہائی دلائی ہے اور آپ کو اِتنی بڑی نجات دینے کے لئے اُس کا مقصد کیا ہے۔ خدا تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو خبردار کیا کہ وہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ اُس نے اُنہیں فرعون جیسے بڑے دُشمن سے چھڑایا اور چالیس سال بیابان میں اُن کی ضروریات پوری کرتا رہا۔ وہ ہمیں بھی یاد دِلاتا ہے کہ ہم یاد رکھیں کہ ہمارا نجات دہندہ کون ہے اور اُس نے کیوں ہمیں نجات دی۔ اُس کا مقصد صرف ہمیں نجات دینا ہی نہیں تھا بلکہ اُس کی خواہش اور منصوبہ یہ ہے کہ ہم اُس کے ساتھ مل کر کام کریں۔ خدا بچ نکلنے کی راہ پیدا کرتا ہے۔ وہ ہمارا منبع ہے۔ اب وہ آپ سے توقع رکھتا ہے کہ آپ اپنے بھائی بہنوں کو خدا میں مضبوط کریں۔ وہ چاہتا ہے کہ آپ اُس کی بادشاہی کا وسیلہ بن کر اُس کی خدمت کریں اور اپنی زندگی میں آنے والے لوگوں تک پہنچیں اور اُس کی بادشاہی کو وسعت دیں۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خداوند! مَیں اپنی زندگی میں آنے والے لوگوں کی زندگیوں میں تیری بادشاہی کا وسیلہ بننا چاہتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں لوگوں کو متاثر کرنے کے لئے تجھ سے حکمت، ہمت اور اہلیت پا سکوں۔ مجھے اپنا وسیلہ بنا تا کہ مَیں تیری خدمت کرنے اور دوسروں کو برکت دینے کے ہر موقعے پر اپنے آپ کو پیش کرسکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

استثنا24:17-18 '' تُو پردیسی یا یتیم کے مقدمے کو نہ بگاڑنا اور نہ بیوہ کے کپڑوں کو گرو رکھنا۔ بلکہ یاد رکھنا کہ تُو مصر میں غلام تھا اور خداوند تیرے خدا نے تجھ کو وہاں سے چھڑایا اِسی لئے مَیں تجھ کو اِس کام کے کرنے کا حکم دیتا ہوں۔''

پیدائش12:2 ''اور مَیں تجھے ایک بڑی قوم بناؤں گا اور برکت دُوں گا۔ سوتُو باعثِ برکت ہو۔''

# نومبر 22

''جو مسائل صرف آپ پر اثر انداز ہوں وہ نہایت چھوٹے مسائل ہیں۔''

اگر کوئی مسئلہ صرف آپ پر ہی اثر انداز ہو رہا ہے تو آپ یہ سوچ سکتے ہیں کہ آپ اِس قدر کم اہم ہیں۔بعض اوقات ہم پر منفی طور پر اثرانداز ہونے والی باتوں کا تعلق صرف ہم سے ہی نہیں ہوتا۔بعض باتوں پر ہمیں غالب آنے یا اُنہیں چھوڑنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زندگی میں چھوٹے چھوٹے مسائل ہماری توانائی زائل کر سکتے اور اہم معاملات سے ہماری توجہ ہٹا سکتے ہیں۔ وہ ہماری بہت زیادہ قوت ضائع کرنے کے ساتھ ہماری کوششوں کو بھی بے فائدہ بنا دیتے ہیں۔ اور اگر ہم اُنہیں حل کر بھی دیں تو ہم آگے نہیں بڑھ پاتے۔صرف اِس بات سے کچھ فرق پڑتا ہے کہ آپ اُنہیں حل کریں اور اپنے لئے راہ نکال لیں۔لیکن یہ بائبلی معیار نہیں جو خدا نے ہماری زندگی کے لئے مقرر کیا ہے۔ اُن اعلیٰ مقاصد پر نظر مرکوز رکھیں جو خدا نے ہماری لئے تجویز کئے ہیں۔ جن مسائل کا تعلق صرف آپ سے ہے اُنہیں ترک کر دیں، بھول جائیں اور آگے بڑھ جائیں۔ ابھی ہمیں خدا کی بادشاہی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ہم اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل میں الجھے رہتے ہیں اور لوگ مسیح کے بغیر دُنیا سے رخصت ہو کر جہنم میں داخل ہو رہے ہیں۔ اپنی چھوٹی چھوٹی باتوں پر اِتنی توجہ نہ دیں۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! میری مدد کر کہ مَیں اپنا ذہن اور نگاہیں آسمانی باتوں کی طرف لگا سکوں اور ابدیت کو سامنے رکھتے ہوئے زندگی بسر کروں۔ مجھے اُن معاملات کو پہچاننا سکھا جو اہم ہیں اور مَیں اُنہیں تیری بادشاہی کے مطابق حل کر سکوں۔مَیں اپنی چھوٹی چھوٹی فکروں کو تیری مرضی پر ترجیح دے کر اپنے آپ کو اہم نہ بناؤں۔ بلکہ مَیں تجھے اوّل مقام دُوں اور بھروسا رکھوں کہ تُو ہر طرح سے میرا خیال رکھ سکتا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

لوقا12:29-32 ''اور تُم اِس کی تلاش میں نہ رہو کہ کیا کھائیں گے اور کیا پئیں گے اور نہ شکی بنو۔ کیونکہ اِن سب چیزوں کی تلاش میں دنیا کی قومیں رہتی ہیں۔لیکن تمہارا باپ جانتا ہے کہ تُم اِن چیزوں کے محتاج ہو۔ ہاں اُس کی بادشاہی کی تلاش میں رہو تو یہ چیزیں بھی تمہیں مل جائیں گی۔ اے چھوٹے گلّے نہ ڈر کیونکہ تمہارے باپ کو پسند آیا کہ تمہیں بادشاہی دے۔''

# نومبر 23

''جو چیز آپ کو خدا کی جانب دھکیل رہی ہو اُس کے لئے کبھی نہ بُڑبُڑائیں''۔

کئی سال پہلے خدا کا ایک بالغ اور مضبوط خادِم مجھے ملنے آیا۔ اُس وقت مَیں زندگی کے چند عام مسائل سے باہر نکلنے کے لئے جدوجہد کر رہا تھا۔ خاندان، جاب، خدمت اور روز مرہ زندگی کے دیگر مسائل مجھے ایک بھاری بوجھ محسوس ہو رہے تھے۔ اِس بزرگ پاسبان نے اطمینان سے میری الجھنوں اور پریشانیوں کا حال سُنا۔ جب مَیں نے اپنی بات ختم کی تو اُس نے بڑی محبت، نرمی، لیکن مضبوط لہجے میں کہا، ''جو چیز آپ کو خدا کی جانب دھکیل رہی ہو اُس کے لئے کبھی نہ بُڑبُڑائیں ... زندگی کے مسائل کو اپنے اور خدا کے درمیان حائل نہ ہونے دیں''۔

مَیں سُنا ہے کہ ہیرا وہ کوئلہ ہے جو بہت دباؤ میں سے گزر چکا ہے۔ زندگی کی عام جدوجہد کو اپنے لئے پریشانی اور الجھنوں کا باعث نہ بننے دیں۔ اُن سے تربیت اور تحریک پائیں اور خدا کے قریب ہوتے جائیں۔مشکل حالات کو خدا کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط بنانے کے لئے استعمال کریں۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خداوند! مَیں تیرے ساتھ ایک مستقل تعلق رکھنا چاہتا ہوں اور زندگی میں آنے والے مسائل کے باعث تیرے خلاف شکایت نہیں کرنا چاہتا۔مَیں تجھ پر بھروسا رکھتا اور جانتا ہوں کہ ایسے حالات میں تُو میرے قریب ہے اور میرا خیال رکھتا ہے۔ میری زندگی کے تمام حالات و واقعات کو استعمال کر کے مجھے اَور زیادہ اپنے بیٹے جیسا بنا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یوحنا33:16 ''دنیا میں مصیبت اُٹھاتے ہو، لیکن خاطر جمع رکھو مَیں دنیا پر غالب آیا ہوں۔''

فلپیوں10:3 ''اور مَیں اُس کو اور اُس کے جی اُٹھنے کی قدرت کو اور اُس کے ساتھ دکھوں میں شریک ہونے کو معلوم کروں اور اُس کی موت سے مشابہت پیدا کروں۔''

# نومبر 24

''اہم بات یہ ہے کہ آپ اہم بات کو اہم ہی رکھیں''۔

زندگی ہماری توجہ منتشر کرنے والی باتوں اور سرابوں سے بھری ہوئی ہے اور یہ سب بڑی آسانی سے ہمیں ہماری زندگی کے لئے خدا کی کامل مرضی سے دُور لے جاتی ہیں۔ باغِ عدن میں حوا نے اِسی مسئلے کا سامنا کیا تھا جب ابلیس نے اُسے آزمایا اور اُس کی نگاہیں خدا تعالیٰ کے حکم سے ہٹا کر اُس کی خواہش کی طرف لگا دیں۔ کئی مرتبہ ابلیس اِس اُمید کے ساتھ آپ کو چھوٹے چھوٹے مسائل سے دوچار کرتا ہے کہ آپ کا دن خراب کر کے آپ سے نہایت اہم معاملات کے لئے مؤثر ہونے کا موقع چھین لے۔ لوگ اکثر غیر اہم معاملات پر بحث کرنے میں وقت ضائع کر دیتے ہیں۔

پختہ ارادہ کریں کہ آپ اُن باتوں کے باعث اپنی توجہ منتشر ہونے نہیں دیں گے، اپنی راہ سے نہیں ہٹیں گے، ہمت نہیں ہاریں گے اور شکست نہیں کھائیں گے جو ابدیت کے نقطۂ نظر سے غیر اہم ہیں۔ یاد رکھیں کہ اہم بات یہ ہے کہ آپ اہم بات کو اہم ہی رکھیں اور اہم بات خدا کی بادشاہی کے لئے روحیں جیتنا ہے۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مجھے یہ جاننے کی حکمت عطا فرما کہ مَیں کب توجہ منتشر کرنے والی باتوں کا اثر قبول کر رہا ہوں یا مَیں خود اپنی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی زندگی کے تمام دِنوں میں اہم باتوں کو ہی اہمیت دیتا رہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش6,1:3 ''اور سانپ کل دشتی جانوروں سے جن کو خداوند خدا نے بنایا تھا چالاک تھا اور اُس نے عورت سے کہا کیا واقعی خدا نے کہا ہے کہ باغ کے کسی درخت کا پھل تم نہ کھانا؟ عورت نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کے لئے اچھا اور آنکھوں کو خوش نما معلوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کے لئے خوب ہے تو اُس کے پھل میں سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا اور اُس نے کھایا۔''

متی28:19-20 ''پس تُم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔ اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا مَیں نے تُم کو حکم دیا اور دیکھو مَیں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔''

# نومبر 25

'' آپ کا مسح آپ کی قابلیت کو بڑھائے گا''۔

خدا نے موسیٰ کو اُس کے مسح کی علامت کے طور پر ایک عصا دیا۔ ایلیاہ کو چادر ملی تھی جو دوگُنا مسح کے لئے الیشع کو ملی۔ اِس مسح سے اُسے زبردست قوت ملی اور معجزات اور عجیب نشان اور کام ظہور میں آئے۔ کسی شخص کی زندگی میں خدا کا مسح اُسے بڑے بڑے کام کرنے کی قابلیت عطا کرتا ہے جو وہ اپنی طاقت اور وسائل سے نہیں کرسکتا۔ پوری بائبل میں حتیٰ کہ ہماری حالیہ تاریخ میں ہمیں ایسے مرد وخواتین ملتے ہیں جنہیں خدا نے مسح کیا تاکہ وہ یسوع کے نام میں بیماروں کو شفا دیں، مُردے زندہ کریں اور فطرت کے برعکس معجزات کریں۔ قادرِ مطلق خدا آج بھی لوگوں کو مسح کر رہا ہے۔ اُس نے آپ کو کیا کرنے کے لئے مسح کیا ہے؟ آپ کی زندگی میں خدا کے فضل کا تحفہ ہمیشہ آپ کی قابلیت کو بڑھائے گا۔ خدا کے مسح پر انحصار کریں اور یسوع پر ایمان رکھتے ہوئے زندگی بسر کریں۔ خدا جو کام آپ سے کروانا چاہتا ہے اُس کے لئے آپ کو مسح کرے گا۔ آپ والدین ہیں یا ملازم، سنڈے سکول ٹیچر ہیں یا مزدور، خدا کا مسح فرق پیدا کرتا ہے۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مَیں شکرگزار ہوں کہ تُو نے مجھے اپنی خدمت کے لئے بُلایا، تیار کیا، مقرر کیا اور مسح کیا تاکہ مَیں یسوع کے نام پر ایمان رکھنے کے باعث پہاڑوں کو ہٹا دُوں، معجزات کروں اور تیری مرضی قبول نہ کرنے والی قوتوں پر فتح پاؤں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی قابلیتوں سے زیادہ تیرے مسح پر توکل کروں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

خروج16:14 '' اور تُو اپنی لاٹھی اُٹھا کر اپنا ہاتھ سمندر کے اوپر بڑھا اور اُسے دو حصے کر اور بنی اسرائیل سمندر کے بیچ میں سے خشک زمین پر چل کر نکل جائیں گے۔''

فلپیوں13:4 ''جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کرسکتا ہوں۔''

زکریا6:4 ''تب اُس نے مجھے جواب دیا کہ یہ زرُبابل کے لئے خداوند کا کلام ہے کہ نہ تو زور سے اور نہ توانائی سے بلکہ میری روح سے رَبّ الافواج فرماتا ہے۔''

# نومبر 26

''محفوظ رہیں الگ تھلگ نہیں''۔

ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ خدا کے سب ہتھیار باندھ لیں تا کہ ہم اِس دُنیا میں ابلیس کے جارحانہ حملوں کے سامنے قائم رہ سکیں۔ اِس سے ہمیں یہ اشارہ ملتا ہے کہ خدا چاہتا ہے کہ ہم اِس دُنیا میں اُن چیزوں سے محفوظ رہیں جو ہمیں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔لیکن اُس کی مرضی یہ نہیں کہ ہمیں دُنیا سے نکال لے۔ اگرچہ ہم دُنیا میں ہیں، لیکن ہم دُنیا کے نہیں اور دُنیا کی چیزوں کا ہمارے ایمان اور خاندان پر بُرا اثر نہیں پڑنا چاہئے۔ خدا یہ بھی نہیں چاہتا کہ ہم دُنیا سے اِس طرح الگ تھلگ ہو جائیں کہ ہم کھوئے ہوؤں تک پہنچنے، انجیل کی منادی کرنے اور ضروریات پوری کرنے کا موقع حاصل نہ کر پائیں۔ ہم نے دُنیا سے محفوظ رہنا ہے اُس سے الگ تھلگ نہیں۔ خدا کے کلام، دعا اور دین دار لوگوں کی راہنمائی سے اپنے آپ کو محفوظ بنائیں اور پھر کام کریں خواہ آپ کو نقصان پہنچنے، ایذرسانی یا مصائب کے خطرے کا سامنا ہی کرنا پڑے۔ اگر آپ موزوں طور پر محفوظ ہوں گے تو آپ میدانِ جنگ میں بھی مضبوطی سے کھڑے ہو پائیں گے۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مَیں تیرے سارے ہتھیار باندھنے کا فیصلہ کرتا ہوں تا کہ مَیں اِس دُنیا میں ابلیسی قوتوں کے خلاف قائم رہ سکوں جو بصورتِ دیگر مجھے گرا سکتی ہیں اور مَیں محفوظ رہتے ہوئے تاریکی میں نور کی مانند چمک سکوں ۔مَیں ایذارسانی اور مصائب کے باعث اپنی بُلاہٹ سے پیچھے نہیں ہٹوں گا۔ اے خدا میری مدد کر کہ مَیں تیری مرضی پوری کروں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

افسیوں6:10-11 ''غرض خداوند میں اور اُس کی قدرت کے زور میں مضبوط بنو۔ خدا کے سب ہتھیار باندھ لو تا کہ تُم ابلیس کے منصوبوں کے مقابلے میں قائم رہ سکو۔''

اَمثال18:1 ''جو اپنے آپ کو سب سے الگ رکھتا ہے اپنی خواہش کا طالب ہے اور ہر معقول بات سے برہم ہوتا ہے۔''

# نومبر 27

''ہوسکتا ہے جو بات آپ کے لئے حیرت کا باعث ہو درحقیقت وہ آپ کے لئے خدا کا منصوبہ ہو''۔

پیدائش کی کتاب کے باب ۲۹ میں ہمیں یعقوب کی پہلی شادی کا واقعہ ملتا ہے۔ شادی کے اگلے دن یعقوب پر یہ راز افشاں ہوتا ہے کہ گذشتہ شب اُس کی شادی راخل سے نہیں ہوئی جس سے اُسے محبت تھی۔ اُسے یہ جان کر حیرت ہوتی ہے کہ راخل کی بجائے اُس کی بڑی بہن لیاہ کو اُس کے ساتھ بیاہ دیا گیا ہے۔ آنے والے کئی سالوں میں وہ لیاہ کو محبت نہ دے سکا کیونکہ وہ یہ سمجھتا رہا کہ اُسے غلطی یا دھوکے سے اُس کی بیوی بنا دیا گیا تھا۔ تاہم جو بات یعقوب کے لئے شاید ایک عجوبہ یا حیرت کا باعث بلکہ ایک غلطی تھی وہ درحقیقت خدا کا بنایا ہوا منصوبہ تھا۔ ہمارے ایمان کا بانی اور کامل کرنے والا، قادرِ مطلق خدا اور کائنات کا خالق اور مالک اپنی خواہش اور مرضی کے مطابق کچھ بھی کرنے کا حق رکھتا ہے۔ ہمارے منصوبے رَدّ کرنے کے لئے خدا کو ہماری اجازت کی ضرورت نہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ یہوداہ کی ماں لیاہ تھی جس کی نسل سے مسیحِ موعود اِس دُنیا میں آیا اور لیاہ ہی یعقوب کے ساتھ اُس قبرستان میں دفن ہوئی جس میں ابرہام، سارہ، اضحاق اور ربقہ دفن تھے۔ خدا ایک منصوبہ رکھتا ہے۔ ہوسکتا ہے جو بات آپ کے لئے حیرت کا باعث ہو درحقیقت وہ آپ کے لئے خدا کا منصوبہ ہو۔ اپنی زندگی اُسے سونپ دیں، اپنی سب راہوں میں اُسے پہچانیں اور اُسے اپنا رہبر بننے دیں۔

آج کے لئے دُعا: اے خدا! مَیں نجات کے منصوبے کے لئے تیرا شکرگزار ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کو تیری محبت کے بارے میں بتا سکوں اور اپنی زندگی میں غیر متوقع طور پر آنے والی حیرت انگیز باتوں کو تیرا منصوبہ سمجھ کر قبول کروں اور اُن سے خوشی اور نشوونما پانے کے ساتھ تجھ پر بھروسا رکھنا بھی سیکھ سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

امثال33:16 '' قرعہ گود میں ڈالا جاتا ہے پر اُس کا سارا انتظام خداوند کی طرف سے ہے۔''

زبور23:37 ''انسان کی رَوِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے۔''

# نومبر 28

''جب خدا کلام کرے تو شک پیدا کرنے والی آواز کو نظر انداز کریں''۔

ہر شخص اپنی زندگی میں غیر متوقع مایوسیوں اور رکاوٹوں کا سامنا کرتا ہے۔ تاہم ایسے حالات و واقعات آپ کی زندگی میں تبدیلی لانے والی قوت کو روک نہیں سکتے۔ یہ اختیار صرف آپ کے پاس ہے۔ جب داؤد جولیت کا مقابلہ کرنا چاہتا تھا تو اُس کے بھائیوں نے اُس کا مذاق اُڑایا بلکہ ڈانٹا اور اُس پر الزام لگایا کہ وہ مغرور ہے اور وہ انعام حاصل کرنا چاہتا ہے جو اُس دیو ہیکل کو مارنے کے لئے بادشاہ نے مقرر کیا تھا۔ تاہم داؤد نے اُن کی باتوں کو نظر انداز کر دیا اور بادشاہ سے بات کرنے کا موقع حاصل کر لیا۔ پھر جو کچھ ہوا وہ تاریخ کا حصہ بن گیا۔ داؤد نے جولیت پر اور اسرائیلیوں نے فلستیوں پر فتح پائی۔ اپنے بھائیوں کے حوصلہ شکن الفاظ سے خوف زدہ ہونے کی بجائے وہ آگے بڑھا اور خداوند کے جنگجو کے طور پر عزت حاصل کی۔ آپ پر بھی ایسا وقت آئے گا جب لوگ یا حالات آپ کے لئے رکاوٹ بنیں گے اور آپ کو غیر مؤثر بنانے کی کوشش کریں گے۔ شک کرنے والوں کو نظر انداز کریں اور خداوند کے نام میں فتح کو تھام لیں۔

آج کے لئے دُعا: اے باپ! میری مدد کر کہ میری نگاہیں تجھ پر اور تیرے کلام پر لگی رہیں۔ مَیں اپنی زندگی کے ہر دن میں اِس پر توجہ دُوں گا اور اِس سے راہنمائی پاؤں گا۔ جب مَیں اپنی ترقی میں رکاوٹ بننے والے حالات یا لوگوں کا سامنا کروں گا تو مَیں طوفان میں سے گزرنے کے لئے اپنی نظریں تجھ پر لگائے رکھوں گا۔ مَیں کسی بھی شخص یا چیز کو اپنی بُلاہٹ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دُوں گا بلکہ اپنی زندگی کے لئے تیری مرضی پوری کروں گا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

1۔سموئیل 32:17 ''اور داؤد نے ساؤل سے کہا کہ اُس شخص کے سبب سے کسی کا دل نہ گھبرائے۔ تیرا خادم جا کر اُس فِلستی سے لڑے گا۔''

# نومبر 29

''آپ کی فتح اپنے دُشمنوں کوشکست دینے میں نہیں، بلکہ آپ کی فتح مسیح میں ہے''۔

کیا کبھی کسی بُری یا ہولناک چیز سے اچھی چیز نکل سکتی یا آپ کی کوئی خواہش پوری ہوسکتی ہے جو ابھی تک نہیں ہوئی؟ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ ہارنے والا درحقیقت جیت گیا ہو؟ جب خدا آپ کے کسی کام میں دُشمن کو جیتنے یا کامیاب ہونے کا موقع دیتا ہے تو کیا وہ جانتا ہے کہ وہ کیا کر رہا ہے؟ اِن تمام سوالوں کا یقینی جواب'' ہاں'' ہے۔

خدا ہمارے دُشمنوں کو بعض ایسی جنگیں جیتنے یا بظاہر کامیاب ہونے دیتا ہے اور دے سکتا ہے جن سے بالآخر ہمارے لئے بھلائی پیدا ہوتی ہے۔ خدا کے دشمنوں کا یسوع کو مصلوب کرنے کا معاملہ ایسا ہی تھا۔ اخی اب بادشاہ کو قتل کرکے ارامیوں کی فتح بھی ایسی ہی تھی (۱۔ سلاطین باب ۲۲)۔ اپنی نگاہیں دشمن کی فتوحات یا شکست پر نہ لگائیں بلکہ یسوع پر لگائیں کیونکہ آپ کی فتح اُس میں ہے۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خداوند! میری مدد فرما کہ مَیں اپنی مشکلات کی طرف نہیں بلکہ تیری طرف دیکھ سکوں ۔ مجھے اپنے دُشمنوں سے محبت رکھنا اور اُن لوگوں کو برکت دینا سکھا جو مجھے ستاتے اور دُکھ دیتے ہیں۔ یہ جاننے میں میری مدد کر کہ میری فتح میرے دشمنوں کی شکست میں نہیں بلکہ تجھ میں ہے۔آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

1۔کرنتھیوں57:15 ''مگر خدا کا شکر ہے جو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہم کو فتح بخشتا ہے۔''

2۔کرنتھیوں14:2 ''مگر خدا کا شکر ہے جو مسیح میں ہم کو ہمیشہ اسیروں کی طرح گشت کراتا ہے اور اپنے علم کی خوشبو ہمارے وسیلے سے ہر جگہ پھیلاتا ہے۔''

لوقا27:6 ''لیکن مَیں تُم سننے والوں سے کہتا ہوں کہ اپنے دُشمنوں سے محبت رکھو۔ جو تُم سے عداوت رکھیں اُن کا بھلا کرو۔''

# نومبر 30

''اِبلیس آپ کے بارے میں یقین سے کچھ بھی نہ کہنے پائے''۔

باغِ عدن سے لے کر آج تک شیطان اُن ہی پرانی آزمائشوں سے بنی نوعِ انسان کو آزما رہا ہے۔ وہ آزمانے میں ماہر ہے۔ وہ ہمیں ایسی آزمائشوں میں ڈال دیتا ہے جو نہ تو بہت مشکل اور نہ ہی بہت آسان ہوتی ہیں، لیکن وہ ہماری عمر اور زندگی کے مرحلے کے مطابق ہوتی ہیں۔ صدیوں سے وہ انسان پر تحقیق کرتا آ رہا ہے اور زمین پر گھومتا رہتا ہے تا کہ کسی کو پھاڑ کھائے اور ایسا کرنے میں وہ بہت کامیاب ہوا ہے۔ ابلیس کو یقین ہے کہ وہ آپ کے متعلق پیش گوئی کر سکتا ہے کہ آپ اُس کی آزمائش کے جواب میں کیا کریں گے، خاص طور پر اُس وقت جب وہ آپ کے مزاج اور شخصیت کے مطابق آپ کے سامنے آزمائش رکھے گا۔ اُسے یقین ہے کہ وہ آپ کو گرتا ہوا دیکھے گا۔ اُس کے لئے قابلِ پیش گوئی نہ بنیں۔ جسمانی آدمی کی طرح اپنی حکمت اور ذہانت پر انحصار نہ کریں۔ ایسا کرنے سے آپ ابلیس کی چالوں کا شکار ہو جائیں گے۔ ایسے بنیں کہ وہ آپ کے بارے میں یقین سے کچھ نہ کہہ پائے۔ جب کوئی آپ کے ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسرا بھی اُس کی طرف پھیر دیں، لعنت کے جواب میں برکت دیں اور اپنے ستانے والوں کے ساتھ اچھی طرح پیش آئیں۔ یہ مسیح کا پیغام اور آپ کی زندگی کے لئے خدا کی مرضی ہے۔ ابلیس کو اجازت نہ دیں کہ وہ آپ کی ناکامی کی پیش گوئی کرے اور آپ کی شکست کا سبب بنے۔ یسوع پر بھروسا رکھیں اور کلامِ مقدس کے مطابق عمل کریں۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خدا ! مجھے یسوع کی مانند بننا سکھا اور یہ کہ مَیں جسمانی آدمی کی طرح زندگی بسر نہ کروں۔ میری مدد کر کہ مَیں تیرے کلام پر عمل کروں اور زندگی کے مسائل اور پریشانیوں میں الجھا نہ رہوں۔ مَیں ابلیس کے لئے ناقابلِ پیش گوئی بننا چاہتا ہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یوحنا8:3 ''ہوا جدھر چاہتی ہے چلتی ہے اور تُو اُس کی آواز سنتا ہے، مگر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتی اور کہاں کو جاتی ہے۔ جو کوئی روح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہے۔''

1۔پطرس5:8-9 ''تُم ہوشیار اور بیدار رہو۔ تمہارا مخالف ابلیس گرجنے والے شیر ببر کی طرح ڈھونڈتا پھرتا ہے کہ کس کو پھاڑ کھائے۔ تم ایمان میں مضبوط ہو کر اور یہ جان کر اُس کا مقابلہ کرو کہ تمہارے بھائی جو دنیا میں ہیں ایسے ہی دکھ اٹھا رہے ہیں۔''